# 28-05-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ سماج میں لوگ اپنی ذات پات کی بنیاد پر نہیں بلکہ اچھی تعلیم کے ذریعہ مقبولیت حاصل کرتے ہیں اور انہیں تسلیم کیا جاتا ہے۔

۲۔ کابینی کمیٹی برائے مالی امور نے سال 26-2025ء کے تحت 14 ویں خریف فصلوں کیلئے اقل ترین امدادی قیمت (ایم ایس پی) میں اضافہ کو منظوری دی ہے۔

۳۔ پچھلی دو ماہ کے دوران اولے گرنے اور غیر موسمی بارش سے کسانوں کو بڑی راحت پہنچاتے ہوئے ریاستی حکومت نے ان کیلئے بطور معاوضہ 51.528 کروڑ روپے جاری کئے ہیں۔

اور

۴۔ بی آر ایس صدر و سابق وزیر اعلیٰ کے سی آر، کالیشورم لفٹ اریگیشن پراجکٹ کے معاملہ میں 5 جون کو جسٹس پی سی گھوش کمیشن کے روبرو حاضر ہوں گے۔

FISH MEDICINE:

بتھنی خاندان کی جانب سے 8 اور 9 جون کو دمہ اور اس سے متعلق بیماریوں کے علاج کیلئے مشہور مچھلی میں دوا دی جائے گی۔ یہ دوا ایسے وقت دی جائے گی جب اس وقت اتفاقاً Mrugasirakarathe بھی ہے۔ بتھنی امرناتھ گوڑ نے جن کا خاندان مچھلی میں دوا دئے جانے کے پروگرام کا اہتمام کرتا ہے، کہا کہ دوا دئے جانے کا آغاز 8 جون کو حیدرآباد کے ناملی علاقہ میں واقع نمائش گراؤنڈ پر 10 بجے صبح سے ہوگا۔ یہ سلسلہ 24 گھنٹہ تک جاری رہے گا۔ انہوں نے بتایا کہ ماہی گیری کے محکمہ کی جانب سے 1.25 لاکھ مچھلیاں فراہم کرنے کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی ہدایت پر ضلع انتظامیہ، پولیس کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے اِس پروگرام کے عمدگی کے انعقاد کیلئے انتظامات کررہا ہے۔ پسماندہ طبقات کی بھلائی کے وزیر پونم پربھاکر انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

## SC - HC TRANSFERS

سپریم کورٹ کالجیم نے راجستھان، تری پورہ، جھارکھنڈ اور مدراس ہائی کورٹ کے چیف جسٹسس کے تبادلہ کی سفارش کی ہے۔ چیف جسٹس آف انڈیا بی آر گوائی کی زیر صدارت کالجیم نے اپیکس عدالت کی ایک ویب سائٹ پر ایک قرار داد اَپ لوڈ کی جس میں کہا گیا ہے کہ جسٹس مہندرا موہن سری واستو کا راجستھان سے مدراس ہائی کورٹ تبادلہ کیا گیا ہے۔ اسی طرح جسٹس اَپاریش کمار سنگھ کا تری پورہ سے تلنگانہ ہائی کورٹ تبادلہ عمل میں آیا ہے جبکہ جسٹس ایم ایس رام چندر راؤ کا جھارکھنڈ سے تری پورہ ہائی کورٹ ٹرانسفر کیا گیا ہے۔ جسٹس کے آر شری رام کا تبادلہ مدراس سے راجستھان ہائی کورٹ کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ کالجیم نے جسٹس ونود کمار کا تبادلہ تلنگانہ ہائی کورٹ سے مدراس ہائی کورٹ کرنے کی بھی سفارش کی ہے۔

## TRAFFICKING

سوریہ پیٹ پولیس نے بچوں کی غیر قانونی اسمگلنگ میں ملوث بین ریاستی ریاکٹ بے نقاب کرتے ہوئے 10 افراد کو گرفتار کرلیا ہے جن میں نصف درجن خواتین شامل ہیں۔ پولیس نے اس کے علاوہ ملزمین کو گرفتار کرنے کے بعد ان کے قبضہ سے 16 مہینہ کے ایک بچہ کو بھی بچایا جسے محکمہ بہبود اطفال کے حوالہ کر دیا گیا۔ یہ ٹولی، راجستھان، اتر پردیش اور گجرات سے بچوں کو لاکر 5 تا 7 لاکھ روپے کے عوض فروخت کر دی تھی۔ ابتدائی تحقیقات سے یہ پتہ چلا کہ گرفتار شدہ افراد نے اب تک 22 بچوں کو فروخت کیا ہے۔ سنٹرل کرائم اسٹیشن کے عہدیداروں نے بتایا کہ ملزمین سے مزید تفصیلات حاصل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

## Cabinet

کابینی کمیٹی برائے مالی امور نے سال 26-2025ء کے تحت 14 ویں خریف فصلوں کیلئے اقل ترین امدادی قیمت (ایم ایس پی) میں اضافہ کو منظوری دی ہے۔ نئی دہلی میں آج دوپہر میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ حکومت نے خریف فصلوں کیلئے ایم ایس پی میں اضافہ کا فیصلہ کیا ہے تاکہ کسانوں کو ان کی پیداوار کی اچھی قیمت مل سکے۔

Sound Byte

اس کے علاوہ کابینہ نے بدویل ۔نیلور کاریڈور پر چار رخی سڑک کی تعمیر کو بھی منظوری دی ہے جس کی لمبائی 108.134 کلومیٹر ہوگی۔اس کاریڈور کو آندھراپردیش میں قومی شاہرہ67 پر 3653.10 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا جائے گا۔

WEATHER

ریاست کے اضلاع جئے شنکر بھوپال پلی ،ملگو اور بھدرادری کوتہ گوڑم میں بعض مقامات پر شدید سے انتہائی شدید بارش کے تحت آرینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔اسی طرح اضلاع نرمل، نظام آباد، کھمم ، رنگاریڈی، حیدرآباد، میڑچل ملکاجگری، وقارآباد، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی اورمحبوب نگر میں بھی کہیں کہیں آج نہایت شدید بارش کے پیش نظر ایلوالرٹ جاری کیا گیا ہے۔اسی طرح عادل آباد، کمرم بھیم آصف آباد، منچریال،نرمل اور پداپلی اضلاع میں بھی آئندہ24 گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں انتہائی شدید بارش کے پیش نظر ایلوالرٹ جاری کیا گیا ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ضلع جنگاؤں میں سب سے زیادہ136 ملی میٹر بارش ہوئی اوراس کے بعد کوگہ گوڑم میں121.5 ملی میٹر بارش درج کی گئی۔

COMPENSATION

پچھلی دوماہ کے دوران اولے گرنے اورغیرموسمی بارش سے کسانوں کو بڑی راحت پہنچاتے ہوئے ریاستی حکومت نے ان کیلئے بطورمعاوضہ 51.528 کروڑروپے جاری کئے ہیں۔یہ فیصلہ اس وقت کیا گیا جب محکمہ زراعت کی جانب سے فصلوں کو ہوئے نقصانات کے تعلق سے ایک تفصیلی رپورٹ پیش کی گئی۔زراعت کے وزیرناگیشورراؤ کے مطابق عہدیداروں نے نشاندہی کی ہے کہ 36ہزار 424 ایکر پر دھان، 3ہزار 266 اراضی پرمکئی اور 470ایکراراضی پر جوار کی فصلیں تباہ ہوئی ہیں۔وزیر نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ متعلقہ محکموں کے ساتھ تعاون کے ذریعہ منظورشدہ رقم کسانوں کو بینک کے ذریعہ موصول ہوجائے۔

CM - GURUKUL

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ سماج میں لوگ اپنی ذات پات کی بنیاد پر نہیں بلکہ اچھی تعلیم کے ذریعہ مقبولیت حاصل کرتے ہیں اور انہیں تسلیم کیا جاتا ہے۔ وزیراعلیٰ آج حیدرآباد میں بابو جگ جیون رام بھون میں منعقدہ گروکل ایوارڈ تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے دلتوں، قبائیلوں اور سماج کے کمزور طبقات سے اپیل کی کہ وہ احساس کمتری میں مبتلا نہ ہو۔

Sound Byte CM

سی ایم نے مزید کہا کہ حکومت کی جانب سے ینگ انڈیا اینٹی گریٹیڈ اقامتی اسکولس قائم کئے جارہے ہیں تاکہ سماج کے پچھڑے طبقات میں اعتماد لایا جائے اور وہ تعلیم کی دنیا میں دوسروں سے مقابلہ کرسکے۔ ریونت ریڈی نے یہ بات یاد دلائی کہ ان کی حکومت کی جانب سے اقتدار میں آنے کے پہلے سال کے دوران ہی 59 ہزار سرکاری ملازمتوں پر تقررات کئے گئے۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ 25 سال کی عمر تک سخت محنت کریں تاکہ ایک اچھی ملازمت حاصل کرتے ہوئے خوشحال زندگی گزاری جاسکے۔ وزیراعلیٰ نے نوجوانوں کو انتباہ دیتے ہوئے کہا کہ اپنے مقصد سے نہ بھٹکیں جس سے ان کے والدین کیلئے بڑے مسائل پیدا ہوسکتے ہیں۔ نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے بھی خطاب کیا۔

HYDRAA

حیدرآباد ڈیزاسٹر ریسپانس اینڈ ایسٹس پروٹیکشن ایجنسی (ہائیڈرا) کے کمشنر اے وی رنگناتھ نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا۔ کمشنر نے مختلف مقامات بشمول زیر آب رام چندر پورم علاقہ اور سوربھی کالونی کے قریب پانی سے بھرے ریلوے انڈر برج کے علاوہ لنگم پلی ریلوے اسٹیشن کا دورہ کیا۔ اس دوران رنگناتھ نے کنالوں میں پانی کی صورتحال کا جائزہ لیا اور عہدیداروں کو ہدایت دی کہ کنالوں کو بڑا کیا جائے تاکہ حیدرآباد میں شدید بارش کے دوران پانی جمع ہونے کا مسئلہ پیش نہ آئے۔

KCR

بی آر ایس کے صدر و سابق وزیر اعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ 5 جون کو جسٹس پی سی گھوش کمیشن کے روبرو حاضر ہوں گے جو کالیشورم لفٹ اریگیشن پراجکٹ میں ہوئی بے قاعدگیوں کی تحقیقات کر رہا ہے۔ سابق ایم پی ونود کمار نے اس بات کی توثیق کی کہ کمیشن کی نوٹس کے سی آر تک پہنچ گئی ہے لہٰذا سابق سی ایم کمیشن کے روبرو حاضر ہو کر تمام تر اطلاعات فراہم کریں گے۔ ونود کمار نے آج میڈیا کے نمائندوں کو بتایا کہ کے سی آر ان پر عائد کردہ الزامات کا جواب دینے کے لئے تیاری کر رہی ہیں۔ واضح رہے کہ کمیشن نے حال ہی میں چندر شیکھر راؤ کے علاوہ سابق وزیر ہریش راؤ اور بی جے پی ایم پی ایٹلا راجندر کو نوٹسیں جاری کی ہیں۔

MISS WORLD:

مس ورلڈ 2025ء مقابلہ میں حصہ لینے والی 108 حسیناؤں نے یگانگت کا مظاہرہ کرتے ہوئے زائد از 200 یتیم بچوں بشمول ایچ آئی وی سے متاثرہ اور نابینہ بچوں کا حیدرآباد میں منعقدہ ایک پروگرام میں خیر مقدم کیا۔ حسیناؤں نے ایچ آئی وی سے متاثرہ بچوں کے ساتھ بات چیت کی۔ انہوں نے بچوں کے ساتھ نہ صرف کھانا کھایا بلکہ تفصیلی بات چیت بھی کی۔ ان بچوں کا تعلق تلنگانہ کے مختلف علاقوں سے ہے۔ صدر نشین و سی ای او مس ورلڈ آرگنائزیشن جولیا مورلی نے کہا کہ ان بچوں کے مستقبل کو بہتر بنانے کے لئے تعلیم ہی واحد اور زبردست ہتھیار ہے۔